اعلان کیا ہے کہ "جن لوگوں نے حضرت مرزا صاحب کے دعویٰ مسیح موعود و مہدی معہود کو قبول کیا ہے ان کو مجبوراً ان کے لوازم فضیلت اور خصوصیت نبوت کو قبول کرنا پڑے گا"

قادیانی مذہب | از الحاج مولوی محمد الیاس برنی صاحب، استاذ معاشیات کلیۂ جامعہ عثمانیہ۔ حیدر آباد۔ دکن ضخامت ۳۴۴ صفحات۔ ملنے کا پتہ:۔ کمال احمد صاحب فاروقی۔ بیت السلام۔ حیدر آباد۔ دکن۔

یہ قادیانی مذہب کا دوسرا ایڈیشن ہے اس میں برنی صاحب نے بہت زیادہ وسعت اور استقصار کے ساتھ اقریباً ڈھائی سو عنوانات کے تحت مرزا صاحب اور ان کے خلفاء و متبعین کی کتابوں سے ان کی سیرت، انکی تعلیم و دعوت اور ان کے دعاوی نبوت و مہدویت و مسیحیت وغیرہ کے متعلق اقتباسات مہذب و مرتب کئے ہیں۔ اقتباسات کی ترتیب ایسی ہے کہ پڑھنے والا خود بخود اس نتیجہ پر پہنچ جاتا ہے جو لائق مرتب نے ان سے اخذ کیا ہے۔ عنوانات کے سوا مرتب نے اپنی طرف سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا ہے۔

قادیانی حساب | از الحاج پروفیسر الیاس برنی صاحب۔ یہ بھی اسی سلسلے کا ایک مختصر رسالہ ہے جس میں قادیانی جماعت کے مختلف ٹرکٹوں کا جواب دیا گیا ہے جو "قادیانی مذہب" کی اشاعت کے بعد حیدر آباد و بنگلور سے شائع ہوئے تھے۔

یہ دونوں رسائل پتہ بالا سے ۱۰/ کے ٹکٹ بھیج کر مفت طلب کئے جا سکتے ہیں۔

رسالہ حسب و نسب | از حکیم محمد عثمان صاحب ضخامت ۵۰ صفحات، قیمت ۵/ ملنے کا پتہ: حکیم محمد عثمان صاحب، محلہ بیگہ، شیخپورہ، ضلع مونگیر۔

لائق مؤلف نے تحقیق و جامعیت کے ساتھ کلام اللہ و احادیث سے حسب و نسب کی حقیقت پر بحث کی ہے، اور آجکل حسب و نسب پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں ان کے معقول جواب دیئے ہیں۔

ازہلا | ضخامت ۵۲ صفحات، قیمت ۱۲/ ملنے کا پتہ:۔ منیجر اخبار الجمعیۃ، دہلی۔

الجمعیتہ میں مدتوں ایک تبلیغی افسانہ شائع ہوتا رہا ہے جو اب کتابی صورت میں طبع کیا گیا ہے۔ اس میں ایک